
☆

گنجینہ طلسم نمبر:50

برائے فراری مار

اگر بدھوار کے روز اشنی نچھتر میں شام کے وقت یعنی بوقت مغرب کے مٹی کے ٹوٹے ہوئے کورے برتن پر سانپ کی تصویر بنائے اور یہ تین حروف (ب س ق) اس کے تین کونوں پر لکھ کر چوتھے کونے پر اپنے نام کا پہلا حرف لکھ دے پس جس گھر میں وہ دفن کیا جائے گا تو وہاں سے سانپ بھاگ جائیں گے۔ شبیہ یہ ہے:


ب ر
ن
اس کونے پر اپنے
نام کا پہلا حرف لکھو
ن
ق
س
ب
ر
ن

خوش نصیب سے بصورت ☆ از شاہ وچی مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر: 51

برائے اطاعت مخلوق

گو کہ یہ طلسم بادشاہان والاشان کیلئے ہے حکماء لوگ تیار کرتے ہیں۔ تاکہ مخلوق ان کی اطاعت میں رہے مگر عام لوگ بھی اس نادر طلسم سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔



چاہیے کہ بروز شکر دار بھرنی نچھتر میں ایک نگینہ زرد رنگ کا لے کر اس پر ایک تصویر آدمی کی جو کہ برجستہ کھڑا ہو اور اس کے دست راست میں تلوار ہو اور تلوار کی دھار پر مساوی فاصلے سے یہ حروف (ط ز ہ ج ا) کندہ کرے۔ پھر اس نگینہ کو انگشتری طلائی میں نصب

زہرہ میں روز اس انگشتری مذکور کو اپنے داہنے ہاتھ میں پہن لے تو ہر ایک آدمی اس کا مطیع رہے گا۔ مگر یہ خیال رہے کہ انگوٹھی کو پہن کر کسی جانور کو نہ مارے اور نہ ہاتھ میں لے کر مارے ورنہ تاثیر جاتی رہے گی۔

☆

گنجینہ طلسم نمبر:52

برائے مستجاب الدعوات

شبیہ طلسم:


خوش نصیب سرفراز شادوی مانجسر

www.freeamliyaatbookspdf.com

جب بروز پنج شنبہ کے قمر حوت یا قوس میں مشتری کا ناظر ہوئے۔ ساعت [illegible] دوم میں پارہ بلور لے کر اس پر صورت ایک مرد کی لباس بلورین پہنے ہوئے کرسی پر بیٹھے، ہاتھ میں کسی درخت کی شاخ لئے ہوئے بنائے اور اس صورت کے نیچے یہ حروف (سب ل ح ا ل) لکھے بعد ازاں اس پارہ بلور کو سیسہ کی انگشتری میں نصب کرے اور اس کے نیچے قدرے کافور بھی رکھے بعد پنج شنبہ کے دن قبل از طلوع آفتاب انگلی میں پہن کر جو دعا مانگے خدا چاہے وہ مستجاب ہوگی اور ہم چشموں میں وہ محبوب اور سرخرو ہوگا۔

بشرطیکہ لباس سفید پہنے اور مچھلی اور جو نہ کھائے اور بلوط اور مسکا استعمال نہ کرے ورنہ تاثیر جاتی رہے گی۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
عملیات کی کتب

* * *

گنجینہ طلسم نمبر:53

برائے درستی حافظہ و تمنائے دل

اگر بروز بدھوار پوربا پھالگنی نچھتر میں سنگ لاجورد یا چاندی کے ٹکڑے پر بوقت مشتری ایک تصویر مرد کی بنائے جو کہ اچھا لباس پہنے ہو۔ اور اس کے داہنے ہاتھ میں ایک شاخ میوہ دار درخت کی ہو اور بائیں ہاتھ میں ایک آبخورہ گلی اور بائیں پسلی سے ملا ہوا ایک مرغ اور زیر قدم اشجار اور چشمہ ہووے اور دائیں طرف یہ حروف کندہ کرے۔

(دہ ہ ہ) پھر اس نگینہ کو سیسہ کی انگوٹھی پر جڑوا کر پہنے تو حافظہ درست ہو جائے اور مراد دلی پوری ہوتی رہے۔

بشرطیکہ نخود نہ کھائے اور جھوٹ نہ بولے اور حمام میں نہ جائے ورنہ تاثیر جاتی رہے گی۔

خوش جیوے سرفراز شاہ دیج مانچسٹر

شبیہ طلسم یہ ہے:



……☆……

گنجینہ طلسم نمبر:54

برائے بسیار شدن محبت والفت

اگر دو شخصوں کے درمیان جن میں باہمی دشمنی ہو ان کے درمیان یا دوستوں کے

درمیان محبت و الفت قلبی پیدا کرتی ہو۔ بشرطیکہ وہ ایک دوسرے کے روشناس ہوں۔ تو چاہیے کہ بروز شکروار پنجستر میں سفید موم سے دو تصویریں طالب و مطلوب کی بنائے اور مطلوب کے نام کے اعداد نکال کر اس میں (۸۳۴۸) اعداد زیادہ کرے اور کل مجموعہ کو ایک کاغذ پر لکھ کر طالب کی تصویر کے پیٹ میں اس کاغذ کو رکھ دیں اور ان دونوں تصویروں کو ایک مکان میں بالمقابل ہر دو گوشوں پر رکھے اور ہر تصویر مطلوب کو طالب کی طرف تھوڑا تھوڑا لا کر رکھے اور تصویر طالب کی اس جگہ پر ساکن رکھے پس اسی طرح مطلوب کی تصویر کو طالب کے نزدیک لاتا جائے۔ یہاں تک کہ جس روز آروا پنجستر میں تم نے اس کو بنایا تھا اس روز سے مولا پنجستر تک جس روز مولا پنجستر میں وہ تصویر مطلوب کی طالب کے سینہ سے لپٹ جائے۔ پس اس وقت ان دونوں کو باہم پیوستہ کر کے ایک شکورہ گلی میں رکھ کر پوشیدہ طور پر ان پتلوں کو کسی سبزہ وار میں درخت شیریں کی جڑ میں گاڑ دے۔ پس جب تک وہ دونوں پتلے باہم پیوستہ اس جگہ گڑے رہیں گے ان دونوں کے درمیان محبت و انس زیادہ رہے گا۔

☆ ☆ ……☆…… ☆ ☆

گنجینہ طلسم نمبر:55

برائے حافظہ وقوت وصحت جسمانی

اگر کوئی آدمی کند ذہن ہو یا جسم اس کا ناتوان ہو یا دائم المریض ہو۔ تو اس کے واسطے ذیل کا طلسم تیار کرنے سے کافی فائدہ ہو سکتا ہے۔ یعنی بروز سنیچر وار اشنی پنجستر میں ایک سفید کاغذ لے کر اس پر اس طرح ایک فرضی شکل بنائے کہ ایک بوڑھا آدمی آب رواں کے کنارے پر کھڑا ہو اور اس بوڑھے آدمی کے سینے پر یہ کلمہ لکھ دیں۔ (طلطقکل) اور پھر اس آدمی کہ جس کے واسطے یہ طلسم تیار کیا گیا ہے۔ اس کے نام کے حروف لکھ کر اس کے اعداد نکالے اور ان میں (۵۹۸) اعداد اور جمع کرے اور کل کا ایک مجموعہ بنائے اور ان کو مرتب کر کے اس بوڑھے آدمی کے سر پر لکھ دے۔ اور بوقت عمل نوشادر کا بخور روشن رکھے۔ پھر جب یہ تیار ہو جائے تو فوراً اس کو ایک مٹی کے کوزہ میں بند کر کے اس [illegible]

شیرہ خوب لگا دے اور جائے نمناک میں تین روز تک دفن رکھیں۔ چوتھے روز اس سکورہ کو نکال کر وہ طلسم تانبے کے تعویذ میں بند کر کے اس آدمی کے بازو یا گلے میں باندھیں۔ اس طلسم کی تاثیر اس شخص پر کامل اثر کرے گی اور باندھنے سے ایک ہفتہ بعد وہ خود ہی اس کی تاثیر سے آگاہ ہو جائے گا اور بڑا فائدہ ہوگا۔ مثلاً ہم نے ایک شخص کے واسطے اس طلسم کو تیار کیا۔ اول ایک بوڑھے آدمی کی تصویر بنا کر اس کے سینہ پر کلمہ (ططفقکل) لکھا اور اس آدمی کے نام کے اعداد کو بحساب ابجد استخراج کیے تو (۱۲۲۶) ہوئے اب ان اعداد کے حروف با مراتب تیار کیے تو اول اکائی میں (۶) کا ہندسہ ہے اس کی (و) اور مراتب دہائی سے (ک) اور سیکڑہ سے (ر) اور مراتب ہزار سے (غ) بنایا اس کو مرکب کیا تو کلمہ (وکرغ) تیار ہوا۔ اس کو تصویر کے سر پر لکھ دیا اور باقی بالترتیب عمل کیا۔ شبیہ طلسم یہ ہے:



FREE AMLIYAT BOOKS

قدرتی خاصیتیں در جسم انسان



www.freeamilyatbookspdf.com
FREE AMLIYAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

کنجینہ طلسمات نمبر:56

اس قادر مطلق نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا ہے ہر چیز کی خاصیت اور ماہیت کو اپنی عقل خداداد سے بخوبی سمجھ سکتا ہے کتب میں لکھا ہے کہ اگر خوشی کے وقت انسان کا آنسو نکلے تو اس بوند کو اگر کوئی متفکر آدمی نوش کرے تو اس کا غم و رنج دور ہو جائے اور اگر

مرگی والے کو دیا جائے تو عارضہ مرگی جاتا رہے۔

دوم: اگر بھوکا آدمی اپنا لعاب دہن مقناطیس پر ڈالے تو اس کی کشش جاتی رہے اور وہ لوہے کو ہرگز نہ اٹھا سکے۔

سوم: اگر کسی شیر خوار بچہ کا دانت اکھڑ جائے اور وہ زمین پر نہ گرا ہو تو اس دانت کو چاندی میں منڈوا کر جو عورت اپنے پاس رکھے بانجھ ہو جائے۔

چہارم: اگر مردہ آدمی کا دانت بطور تعویذ کسی دانت درد والے کے گلے میں باندھیں تو اس کا درد جاتا رہے گا۔

پنجم: اگر انسان کی آنول جو وقت پیدائش کاٹی جاتی ہے اس میں تھوڑی سے لے کر زیر نگینہ رکھ کر انگشتری میں ثبت کر کے جس شخص کو قولنج کا درد ہو اس کے ہاتھ میں پہنا دیں تو اس کو درد سے فوراً آرام ہو۔

ششم: اگر نہار منہ بچھو کے کاٹے ہوئے زخم پر لعاب دہن لگا دیں تو بچھو کا زہر دور ہو جاتا ہے۔

ہفتم: مردہ آدمی کی ہڈی کا تعویذ بنا کر تپ ربع والے کے گلے میں ڈالنے سے اس کو آرام ہوتا ہے۔

ہشتم: اس کے ناخن جلا کر خاکستر کر دیں اور پھر جس کو کھلا دیں وہ دوست ہو جائے۔ محبت کرے۔

نہم: اگر کسی شخص کو نکسیر کا عارضہ ہو تو ایک پارچہ پر اسی خون سے اس کا نام لکھ کر اس کو کہہ دیں کہ وہ اس پارچہ کو دیکھتا رہے فوراً خون بند ہو جائے گا۔

دہم: انسان کے پیشاب کو جوش دے کر درد نقرس پر طلا کرنا نہایت مفید ہے۔

یازدہم: نابالغ لڑکے کا پیشاب شہد میں ملا کر پکائیں اور اس کے سفید جھاگ سے [illegible] وہ [illegible] آنکھ میں لگائیں تو سفیدی چشم دور ہو جائے۔

دوازدہم: سر کے بال اور زنگار دونوں کو جلا کر تین روز تک خارش پر لگانا خارش کو دور کرتا ہے۔

شاہ وچ مانچسٹر

☆

www.freeurdupdf FREE AMLIYAAT BOOKS facebook.com/groups/freeam

عورت

www.freeamliyaatbookspot.com

گنجینۂ طلسمات نمبر: 57

کہتے ہیں کہ اگر عورت کا سالم بال آب شور میں گر جائے اور اس پر سورج کی شعاع پڑے تو وہ بال مثل سانپ کے ہو جائے۔

دوم: اگر عورت بکارت کا خون اپنی چھاتیوں پر مل لے تو اس کی چھاتیاں سخت اور ہمیشہ چھوٹی رہیں گی اور باکرہ عورت کا خون حیض آنکھ میں لگانا سفیدی آنکھ کو دور کرتا ہے۔

سوم: اگر زن حائضہ برہنہ جنگل میں کھڑی ہو تو گزندہ جانور ہرگز نزدیک نہ آئیں گے اگر زن حائضہ اس حالت میں شیشہ کو دیکھے تو شیشہ دھندلا ہو جائے گا اس پر پرچھائیں پڑ جائیں گی اگر ایسی عورت کسی نہر یا تالاب میں اشنان کرے تو پانی اس کا تلخ ہو جائے۔

چہارم: اگر کوئی شخص ایسی حالت میں اس سے سنگت کرے تو اس کی طاقت مردمی زائل ہو جائے صحت کے لئے پرہیز لازمی ہے۔

پنجم: اگر کوئی شخص مرگی کے عارضہ میں مبتلا ہو اور اس وقت ایسی عورت اس کے جسم کو مس کرے تو اس کی مرگی جاتی رہے۔

ششم: اگر زن حاملہ کا سایہ سانپ پر پڑے تو وہ اندھیا ہو جائے۔

ہفتم: اگر پارچہ حیض کو کشتی کے بادبان پر باندھ دیں تو بادبائے مخالف سے کشتی کو ہرگز نقصان نہ پہنچے۔

نہم: جس شخص کو چوتھے روز کا تپ آتا ہو۔ اس کو وہ کپڑا جو عورت کے وضع حمل میں اس کے اوپر ہو پہننے کے لئے دیا جائے اور پہن لے تو اس کا تپ دور ہو جائے۔

☆

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

حیوانات اور ان کے اوصاف

تاثیرات حیوانات

گنجینہ طلسمات نمبر: 58

گھوڑا:

اس کے دانت بروز منگل وار لے کر شیر خوار لڑکے کے گلے میں باندھیں تو اس کے دانت آسانی سے نکل آئیں گے۔ اگر ایسے شخص کے سرہانے جو سوتے میں دانت پیستا ہو بے خبر اس کے زیر بالیں گھوڑے کا دانت رکھ دیں تو وہ ہرگز دانت نہ پیسے۔

دوم: اگر گھوڑے کی دم کا بال لے کر مکان کے دروازے کے آگے تان دیں تو اس گھر کے اندر مچھر ہرگز نہ داخل ہوں۔

سوم: اگر وضع حمل کے وقت اس کے سموں کا دھواں عورت کو دیا جائے تو ولادت میں آسانی ہو اس طرح سرگین کا دھواں بھی ولادت میں آسانی کرتا ہے۔

چہارم: اگر کسی تیز یا دوڑنے والے گھوڑے کا سم لے کر مکان میں دفن کر دیں تو چوہے اس مکان سے بھاگ جائیں۔

پنجم: اگر گھوڑے کا پسینہ بغل میں یا موئے زہار پر لگایا جائے تو پھر اس جگہ بال ہرگز پیدا نہ ہوں۔

ششم: اگر اس کی سرگین کا عرق نکسیر والے کی ناک میں ڈالیں تو اس کو عارضہ سے آرام ہو۔

ہفتم: اگر گھوڑی کا دودھ عورت ضعیفہ چند روز استعمال کرے تو باکرہ ہو جائے۔

ہشتم: سرگین اسپ کا عرق کان میں ڈالنے سے درد کان کو آرام ہوتا ہے۔

نہم: اگر اس کے ناخن لے کر اس میں بید کی جڑ ہم وزن ڈال کر خوب باریک پیس کر کسی آتش دان یا بھٹی میں ڈال دیں تو اس جگہ آگ نہ جلے اور صرف لکڑی کا دھواں ہوا۔

دہم: اگر اس کی سرگین کو جلا کر تلوں کے تیل میں خوب حل کر کے بالوں پر لگائیں تو بال بہت لمبے ہو جائیں۔

اس کا گوشت کھانا بہادری و شجاعت پیدا کرتا ہے اور قسی القلب اور سخت دل کرتا ہے اس کے کباب سرد مزاج کے قوت باہ کو نافع ہے۔

……☆……

گنجینہ طلسمات نمبر: 59

ہاتھی

یہ جانور بڑا قوی اور جسیم ہوتا ہے اول اس کے کان کی میل اگر ذرہ بھی کوئی شخص کھا جائے تو اس کو سات روز تک نیند نہ آئے۔

دوم: اس کی چربی کا دھواں جس شخص کو دیا جائے وہ عارضہ جذاب میں مبتلا ہو جائے۔

سوم: اس کی ہڈی مرگی والے کے بازو پر باندھیں تو اس کی مرگی دور ہو جائے۔

چہارم: اگر اس کا دانت کسی ثمر دار درخت کے ساتھ باندھ دیں تو وہ اس سال پھل نہ دے۔

پنجم: اگر ہاتھی دانت کے برادہ کی دھونی گھر میں دخان کریں تو مچھر ہرگز نہ رہے۔

ششم: اس کا پیشاب اگر گھر میں چھڑک دیں تو چوہے بھاگ جائیں۔

ہفتم: اس کی سرگین وزنی 9 ماشہ تعویذ نقرہ میں محفوظ کر کے لڑکے کے گلے میں باندھ دیں تو نظر بد اور جملہ آفات ارضی اور سماوی سے محفوظ رہے۔

ہشتم: اگر اس کے دانت کا برادہ زخم فاسد پر چھڑکیں تو جلد آرام ہو۔

نہم: اگر اس کی سرگین درد قولنج والے کو نوش کرائیں تو ہمیشہ کیلئے اس عارضہ سے نجات پائے۔

دہم: اگر اس کی سرگین میں سانپ کی کینچلی ملا کر سرمہ بنائیں تو پڑبال و ڈھلکا کا مرض دور ہو۔

یازدہم: اس کی سرگین حمول کرنا مانع حمل ہے۔

دوازدہم: ہاتھی دانت کو جلا کر خاکستر کر کے اس کے برابر سوت ملا دے اور انگو بکری کے دودھ میں کھرل کر کے جس جگہ بال نہ جمتے ہوں۔ وہاں لیپ کرے۔ فوراً اس جگہ بال پیدا ہو جائیں۔

سیزدہم: اگر ہاتھی دانت کو مٹی کے آبخورے میں بند کر کے اس طرح جلائیں کہ اس کا دھواں نہ نکلنے پائے اور پھر اس خاکستر کو پانی میں ملا کر بالوں پر لگا دیں۔ تو بال بہت بڑھیں

……☆……

گنجینہ طلسمات نمبر 60:

اونٹ

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS

اول: اونٹ کی چربی جس جگہ رکھیں وہاں سے سانپ بھاگ جائیں۔

دوم: اگر اس کے بال مسلسل بول والے کی ران میں باندھیں تو اس کو آرام ہو۔

سوم: جو لڑکا رات کو سوتے ہوئے بستر پر پیشاب کرتا ہے اس کی ران پر باندھ دیں تو وہ پیشاب نہ کریگا۔

چہارم: کرمخوردہ یا دانت درد دانت والے کو اس کے دودھ کا غرہ کرایا جائے تو اس کو آرام ہوگا۔

پنجم: اس کا پیشاب درد کان کیلئے کان میں ٹپکانا مفید ہے۔

ششم: نکسیر والے کے سر پر اس کی سرگین کا لیپ کرنا فائدہ مند ہے۔

ہفتم: اس کی سرگین کو جلا کر شہد میں بجھا دیں اور ان کو ڈبیہ میں بند کر دیں جب بھی آگ کی ضرورت ہو اس کو توڑ کر ہوا میں رکھیں تو فوراً آگ پیدا ہو جائے۔

نہم: اگر اس [illegible] کے دست راست کا ناخن گھر میں رکھیں تو سب چوہے بھاگ جائیں۔

……☆……

جیسوے [illegible] از شادوچ مانچسٹر

گنجینہ طلسمات نمبر:61

گدھا

اول: اس کی آواز سے کتے کی پشت میں درد شروع ہو جاتا ہے۔ اگر اس کے مغزِ استخوان کو روغن زیتون میں جوش دے کر سر پر ملیں تو بال بہت لمبے ہوں۔

دوم: اگر اس کے دانت ایسے شخص کے سرہانے رکھ دیں جس کو نیند نہ آتی ہو تو اس پر نیند غالب آئے گی۔

سوم: اس کے سموں کا دھواں وضع حمل میں آسانی کرتا ہے۔

چہارم: اگر بوقت جفتی اس کے دم کے بال لے کر کوئی شخص اپنی ران میں باندھے تو فوراً نعوظ پیدا ہو اگر اس کی دم کے بال شراب میں ڈال کر کسی کو پلا دیں تو فوراً آمادۂ فساد ہو۔

پنجم: اگر اس کی پیشانی کے پوست کو خاکستر کر کے اس کی راکھ کو پانی میں ملا کر کسی گروہ کو پانی پلا دیں تو ان میں نا اتفاقی ہو۔

ششم: اگر اس کا سم پانی میں گھس کر مرگی والے کو پلا دیں تو مفید ہے اگر روغن میں جلا کر خنازیر پر ملیں تو آرام ہو۔

ہفتم: اگر اس کے دودھ کو گرم کر کے کلی کریں تو درد دانت سے آرام ہو۔

ہشتم: اگر اس کے چوتڑوں پر روغن تلخ اور روغن زرد ملا کر لگا دیں تو جب تک یہ لگا رہے گا گدھا ہرگز نہ ہینگے گا۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:62

خچر

اول: اس کو استر بھی کہتے ہیں اس کے کان کے میل اگر کسی عورت کو کھلا دیں تو وہ بانجھ ہو جائے۔

دوم: اگر اس کا استخوان کوئی طفل کھا جائے تو مدہوش ہو جاتا ہے۔

سوم: اگر اس کے سموں کو پانچ درم روغن السی میں ملا کر جوش دیں اور پھر اس تیل کو گنج سر یا جہاں بال پیدا نہ ہوتے ہوں لگائیں تو چند روز میں بال پیدا ہو جائیں گے۔

چہارم: اگر اس کے سم یا سرگین یا بالوں کا دھواں کسی مکان میں کریں تو اس جگہ سے تمام چوہے بھاگ جائیں۔

پنجم: اگر اس کی پیشانی کا چمڑہ کسی جگہ جلایا جائے تو پھر اس جگہ جو کام کریں ہرگز سرانجام نہ ہو۔

ششم: اس کا دانت جو شخص اپنی جیب میں رکھے کبھی روپیہ پیسہ سے خالی نہ رہے۔

ہفتم: اس کی دم کے بال دو محبوں کے پارچہ کے ہمراہ جلا کر اس راکھ کو کھلا دیں تو ان دونوں میں نااتفاقی ہو جائے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:63

بکری

اول: اگر بکری کی داڑھی بخار چوتھیا والے کے باندھیں تو آرام ہو۔

دوم: جو لڑکا شیر خوار رات کو زیادہ روتا ہو اس کے سرہانے اس کی چند مینگنیاں رکھ دیں تو آرام سے سو جاتے ہیں۔ اگر بچے کے پیٹ میں درد ہو تو اس کے پسینہ کا عرق اس کی مقعد میں لگانے سے آرام ہو۔

سوم: بقول بلیناس سفید رنگ کی بکری کے سینگ کسی پارچہ میں لپیٹ کر جس شخص کے سرہانے وہ کپڑا رکھ دیں تو وہ خواب سے بیدار نہ ہو۔ اگر پہاڑی بکری کا سینگ خوابیدہ کے سرہانے رکھ دیں تو راز دل بیان کرے۔

☆

www.freeamliyaatbooks FREE AMLIYAAT BOOK'S

گنجینہ طلسمات نمبر:64

بھیڑ

اول: اس کے پتہ میں ملا کر آنکھ میں لگانے سے ڈھلکا اور سفیدی آنکھ کی دور ہو جاتی ہے۔

دوم: اگر اس کے سینگ کو درخت کے نیچے گاڑ دیں تو اس کا پھل شیریں اور قبل از موسم بار آور ہو۔

سوم: اس کے بالوں کو جلا کر اس کو عورت حمول کرے۔ ہرگز حاملہ نہ ہو۔

چہارم: اس کی چربی اور مچھلی کی چربی برابر لے کر بتی بنا کر چراغ میں جلائے تو تمام گھر جب تک چراغ جلتا رہے۔ پانی سے بھرا ہوا نظر آئے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:65

سگ یعنی کتا

اول: اگر بروز منگل وار لال اور بروز سنیچر وار سیاہ کتے کی زبان جوتے کے نیچے دوخت کر کے وہ جوتا پہنیں تو پھر کوئی کتا اس کو دیکھ نہ بھونکے۔

دوم: اگر سیاہ کتے کی بائیں آنکھ بروز آمادش یا قمر در عقرب میں کسی مکان میں دفن کردیں تو وہ مکان ویران ہو جائے اور جو شخص اس میں رہتے ہوں سخت تکلیف اٹھائیں، اگر سیاہ کتے کی دائیں آنکھ اپنے پاس رکھیں تو دیوانے کتے کا زہر ہرگز اثر نہ کرے۔

سوم: اگر شیر خوار بچہ کے گلے میں اس کے دانت کا تعویذ بنا کر پہنا دیں تو اس کے دانت آسانی سے نکل آئیں گے۔

چہارم: اگر دیوانے کتے کا دانت اپنے پاس رکھیں تو پھر کوئی دیوانہ کتا اس کو نہ کاٹے گا۔

پنجم: کتے کا عضو مخصوصہ خشک کر کے ران میں باندھنے سے قوت مردانگی کثرت سے

FREE AMLIYAT BOOK'S

گنجینہ طلسم نمبر: 51

برائے اطاعت مخلوق

گو کہ یہ طلسم بادشاہان والا شان کیلئے ہے حکماء لوگ تیار کرتے ہیں۔ تا کہ مخلوق ان کی اطاعت میں رہے مگر عام لوگ بھی اس نادر طلسم سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔



www.freeamliyatbookspdf.com
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

چاہیے کہ بروز شکروار بھرنی نچھتر میں ایک نگینہ زرد رنگ کا لے کر اس پر ایک تصویر آدمی کی جو کہ برجستہ کھڑا ہوا اور اس کے دست راست میں تلوار ہو اور تلوار کی دھار پر مساوی فاصلے سے یہ حروف (ط ز ہ ج ا) کندہ کرے۔ پھر اس نگینہ کو انگشتری طلائی میں نصب

گنجینہ طلسمات نمبر:64

بھیڑ

اول: اس کے پتہ میں ملا کر آنکھ میں لگانے سے ڈھلکا اور سفیدی آنکھ کی دور ہو جاتی ہے۔

دوم: اگر اس کے سینگ کو درخت کے نیچے گاڑ دیں تو اس کا پھل شیریں اور قبل از موسم بارآور ہو۔

سوم: اس کے بالوں کو جلا کر اس کو عورت حمول کرے۔ ہرگز حاملہ نہ ہو۔

چہارم: اس کی چربی اور مچھلی کی چربی برابر لے کر بتی بنا کر چراغ میں جلائے تو تمام گھر جب تک چراغ جلتا رہے، پانی سے بھرا ہوا نظر آئے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:65

سگ یعنی کتا

اول: اگر بروز منگل وار لال اور بروز سنیچر وار سیاہ کتے کی زبان جوتے کے نیچے دوخت کر کے وہ جوتا پہنیں تو پھر کوئی کتا اس کو دیکھ نہ بھونکے۔

دوم: اگر سیاہ کتے کی بائیں آنکھ بروز آماوش یا قمر در عقرب میں کسی مکان میں دفن کر دیں تو وہ مکان ویران ہو جائے اور جو شخص اس میں رہتے ہوں سخت تکلیف اٹھائیں، اگر سیاہ کتے کی دائیں آنکھ اپنے پاس رکھیں تو دیوانے کتے کا زہر ہرگز اثر نہ کرے۔

سوم: اگر شیر خوار بچہ کے گلے میں اس کے دانت کا تعویذ بنا کر پہنا دیں تو اس کے دانت آسانی سے نکل آئیں گے۔

چہارم: اگر دیوانے کتے کا دانت اپنے پاس رکھیں تو پھر کوئی دیوانہ کتا اس کو نہ کاٹے گا۔

پنجم: کتے کا عضو مخصوصہ خشک کر کے ران میں باندھنے سے قوت مردانگی کثرت سے

پیدا ہوتی ہے۔

ششم: اگر کتا کاٹے تو دوسرے کتے کے بال جلا کر اس کی راکھ زخم میں بھر دے تو آرام ہو۔

ہفتم: اگر کسی جانور کے زخم ہو جائے تو کتے کی ہڈی پانی میں رگڑ کر لگا دیں اور اس کے گلے میں باندھیں تو فوراً اس کے زخم کو آرام ہو۔

ہشتم: اگر کوئی کنکر کتے کو ماریں اور کتا اس کو اٹھا کر پھینک دے تو پھر اس کنکر کو شراب میں ڈال کر جس شخص کو وہ شراب پلا دیں اس میں لڑائی و جنگ جوئی کا مادہ بہت بڑھ جائے اگر اس کو کبوتر کی جگہ رکھ دیں تو تمام کبوتر پریشان ہو جائیں۔

نہم: اگر سیاہ کتے کی زبان موزہ یا کفش میں دوخت کریں اور وہ جوتا پاؤں میں پہنیں تو کتے ہرگز نہ بھونکیں۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:66

گربہ یعنی بلی

www.freeurdupdf.com
FREE URDU BOOKS
www.facebook.com/groups/freeurdubooks

اول: اگر سیاہ بلی کی زبان جس عورت کا پاؤں بھوٹ جائے تعویذ بنا کر کمر میں باندھیں تو خون بند ہو۔

دوم: اگر سیاہ بلی کے دانت کوئی شخص اپنے پاس رکھے تو رات کو کسی ویران جگہ میں رہ جائے تو کبھی خوف نہ کھائے۔

سوم: جس وقت یہ جانور بچہ جنے۔ فوراً اس کی آنول لے کر جو شخص اپنے پاس رکھے صاحب دولت و امیر کبیر ہو یا صاحب اولاد کثیر ہو۔

چہارم: سایہ بھوت و پریت جس شخص پر ہو اس کو اس کی سرگین کا دھواں دینا نہایت مفید اور دافع آسیب ہے۔

پنجم: اگر اس کی آنکھیں تعویذ بنا کر بچے کے گلے میں باندھیں تو نظر بد سے ہمیشہ محفوظ

رہے۔

ششم: اگر بروز منگل وار اس کی بائیں آنکھ نگینہ نصب کر کے انگوٹھی ہاتھ میں پہنے تو اس پر جادو کا کبھی اثر نہ ہو۔

ہفتم: اس کے سرگین کو روغن گل میں آمیزش کر کے بخار والے کے پاؤں کے تلوؤں میں لگائیں تو اس کا بخار جلد اتر جائے۔

ہشتم: اگر سیاہ بلی کی زبان زیریں پاپوش پیوستہ کر کے جنگل میں جائیں تو کوئی درندہ نزدیک نہ آئے۔

گنجینہ طلسمات نمبر: 67

شیر

www.freeamliyaatbookspdf.com
فری عملیات بکس

shutterstock

اول: اس کے دانت لڑکے کے گلے میں منڈھا کر بطور تعویذ ڈال دیں تو نظر بد سے محفوظ رہے۔ دانت بلا تکلیف نکلیں اور اس کے دانت اپنے پاس رکھنے والا درندوں کے عارضہ سے محفوظ رہتا ہے۔

دوم: اس کی چربی رعشہ دار پر ملنے سے رعشہ دور ہوتا ہے۔ جلق کو بھی اسکی مالش مفید

ہے اور اسکی چربی چہرہ پر ملنے سے چھائیں دور ہوتی ہیں۔

سوم: اس کا پنجہ جو شخص اپنے پاس رکھے اسکے گرد کوئی درندہ جانور نہ آئے۔

چہارم: اس کے پنجہ کو پانی میں دھو کر جس چارپایہ کو وہ پانی دو چار مرتبہ پلایا جائے وہ لاغر ہو جائے۔

پنجم: اس کی پیشانی کا چمڑہ پگڑی یا ٹوپی میں خفیہ رکھ لے تو ہر ایک آدمی اس سے دہشت کھائے اور لوگوں کی نظر میں عزیز ہو۔

ششم: اس کی سرگین شراب میں ملا کر کسی شخص کو پلا دیں تو پھر ہرگز وہ شخص شراب نہ پیئے بلکہ شراب سے ہمیشہ کیلئے نفرت کرے۔

ہفتم: اس کی کھال کے نقارہ کی آواز گھوڑے کے کانوں میں پہنچے تو بیمار ہو جائے۔

ہشتم: جہاں سانپ زیادہ ہوں وہیں شیر کی چربی اور پیاز رکھ دیں تو دونوں سے سانپ بھاگ جائیں گے۔

* * *

گنجینہ طلسمات نمبر: 68

گرگ یعنی بھیڑیا



اول: اس کی داہنی آنکھ جو شخص اپنے پاس رکھے وہ کسی جگہ سے دہشت وخوف نہ کھائے اور بائیں آنکھ جو اپنے پاس رات کو رکھے تو اسکو نیند نہ آئے۔

دوم: اگر اس کا سر بکریوں کے رہنے کی جگہ پر گاڑ دیں تو سب بیمار ہو جائیں۔

سوم: اگر اس کا سر کبوتر خانہ میں رکھ دیں تو بلی وہاں ہرگز نہ جائے۔

چہارم: اس کا دانت جو شخص تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے اس پر کوئی بھیڑیا غالب نہ آئے اگر گھوڑے کی پشت سے باندھیں تو تیز رفتار ہو۔

پنجم: اگر اس کے پاؤں راست کی ہڈی اپنے جوتا میں دوخت کرے یا پاؤں میں باندھے تو چلنے میں تھکان نہ ہو اور اگر اس کے کعب چپ کی ہڈی اپنے پاس رکھے تو خصومت اور لڑائی جھگڑے میں کامیابی اٹھائے۔ خصوصاً عورتوں کے بالمقابل

ششم: اس کی دم جس جگہ دفن کی جائے وہاں کھیاں ہرگز نہ آئیں۔

ہفتم: اگر نقار خانہ میں اس کا چمڑہ جلایا جائے تو نقارے سب پھٹ جائے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:69

ریچھ

FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

اول: اگر اس کا دانت عورت کے دودھ میں رگڑ کر بچہ کو پلا دیں تو اس کے دانت بلا تکلیف نکلیں۔

دوم: اگر اس کی آنکھ تپ چوتھیا والے کے گلے میں تعویذ بنا کر باندھیں تو آرام ہو۔

سوم: اس کی چربی اگر کالے کوے کی چربی میں مل کر بالوں پر لگا دیں تو بال جلد سفید نہ ہوں۔

چہارم: اس کا خون آنکھوں میں لگانا پڑوال کو دور کرتا ہے۔

پنجم: اس کا چمڑہ اگر بد اخلاق اور زبان دراز آدمی کے بدن پر باندھیں تو حلیم الطبع اور نیک اخلاق ہو

سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسمات نمبر:70

شغال یعنی گیدڑ

اول: بروز اماوش یا منگل وار کے دن اس کی زبان جس گھر میں دفن کردی جائے اس گھر میں نااتفاقی اور رہنے والوں کا باہم جنگ وجدل رہے۔

دوم: اس کے دانت جو شخص اپنے پاس رکھے کتا اس پر ہرگز نہ بھونکے۔

سوم: اس کی دائیں آنکھ تعویذ بنا کر اپنے رکھنا قوت باہ کو زیادہ کرتا ہے۔

چہارم: اس کے پاؤں راست کا ناخن جو اپنے پاس رکھے۔ چلنے میں تھکان نہ ہو۔

……☆……

گنجینہ طلسمات نمبر:71

گوزن یعنی بارہ سنگا

اول: اس کے سینگ جس گھر میں ہوں گزندہ جانور وہاں سے بھاگ جاتے ہیں۔ اگر اس کی داہنی طرف کا سینگ اپنے پاس رکھے تو درندوں سے محفوظ رہے۔

دوم: اس کے سینگ کا دھواں مکان میں کریں تو سانپ وہاں سے بھاگ جاتے ہیں

سوم: درد دانت میں اس کے سینگوں کو جلا کر خاکستر اس کی دانتوں پر ملنے سے درد دانت دور ہو جاتا ہے۔

چہارم: اس کے بالوں کا دھواں گھر میں کرنے سے چوہے بھاگ جاتے ہیں۔

پنجم: اگر اس کے سینگ کو بوقت وضع حمل عورتوں کی ران میں باندھیں تو ولادت میں آسانی ہو اور اس کے سینگ جو جس جگہ درد ہو رگڑ کر لگا دیں تو درد سے آرام ہوتا ہے۔

……☆……

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسمات نمبر:72

آہو یعنی ہرن

اول: اس کی زبان سایہ میں خشک کر کے اگر کسی زبان دراز عورت کو کھلائی جائے تو وہ حلیم الطبع اور فرمانبردار ہو۔

دوم: اگر اس کی داہنی آنکھ پکے پتھر میں لے کر زیر نگینہ انگشتری میں نصب کر کے ہاتھ میں پہنے تو قوت مردانگی اور دل کی تقویت اور ہر دلعزیز ہوتا ہے۔

سوم: اس کے سینگ کا دھواں کرنا تمام گزندہ جانوروں کو دور کرتا ہے۔

چہارم: اس کے ٹخنہ کی ہڈی مسافر اپنے پاس رکھے تو سفر میں تھکان نہ ہو۔

پنجم: اس کی بائیں آنکھ کو تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھنے سے مستورات میں ہر دلعزیز اور ان پر غالب آتا ہے۔

☆

FREE AMLIYAT BOOKS

گنجینہ طلسمات نمبر:73

خرگوش

اول: اس کا مغز اگر عورت کھائے تو بانجھ ہو جائے۔

دوم: اس کی ہڈیاں جلا کر درد دانت پر ملنے سے آرام ہوتا ہے۔

سوم: اگر اس کی شتالنگ کی ہڈی اپنے پاس رکھنے سے جادو کا اثر ہرگز نہیں ہوتا۔

چہارم: اگر خون حیض بند نہ ہوتا ہو تو اس کے بالوں کی بتی بنا کر استعمال کرنے سے فوراً خون بند ہو جاتا ہے اور اس کا سرگین عورت رکھے تو حاملہ ہو۔

پنجم: جس بچہ کو پسلی کی بیماری ہو اس کو اس کا ایک قطرہ خون دینا آرام آتا ہے۔

ششم: اس کے دانت کو بطور تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھنا قوت حافظہ کو بڑھاتا ہے۔

ہفتم: اس کے پتہ کا عرق تیل میں ملا کر عضو مخصوصہ پر مالش کرنے سے عجیب الاثر ہے

ہشتم: اگر اس کے خون کو روغن گل میں ملا کر نئے چراغ میں بھر کر روئی کی بتی ڈال کر چراغ جلا دیں تو خرگوشوں کی شکلیں چلتی پھرتی نظر آئیں۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:74

نیولا



اول: اس کی چربی اگر دانتوں پر ملیں تو تمام دانت گر جائیں۔

دوم: اگر اس کی چربی کسی مسواک کرنے والی لکڑی پر مل کر اس میں اس کو جذب کر دیں اور پھر مسواک کسی کو کرنے کیلئے دیں تو آہستہ آہستہ اس کے تمام دانت آسانی سے گر جائیں۔

سوم: اگر اس کی چربی لڑکے کے مسوڑھوں پر ملیں تو اس کے دانت آسانی سے گر جائیں۔

چہارم: اگر اس کی پشت کی ہڈی عورت بوقت قربت اپنے پاس رکھے تو ہرگز حاملہ نہ ہو

پنجم: اس کا خون خنازیر پر لگانا آرام بخشتا ہے۔

ششم: اس کا سرگین جاری شدہ زخم پر باندھنا خون کو فوراً بند کر دیتا ہے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:75

جنگلی چوہا......سیہ

اول: اگر کسی جگہ کے بال اکھاڑ کر اس کے پتہ کا عرق اس جگہ پر لگا دیں تو بال زندگی بھر ہرگز اس جگہ پیدا نہ ہو۔

دوم: اس کی بائیں آنکھ کو روغن میں جوش دے کر کان میں ٹپکانا درد کان کو آرام دیتا ہے

سوم: دیوانے کتے کے کاٹے ہوئے زخم پر اس کا خون لگا دیں تو فوراً زہر دور ہو جائے

چہارم: اس کے داہنے ناخن کا دھواں بخار چوتھیا والے کو آرام بخشتا ہے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:76

لنگور



اول: اس کے کسی عضو کی ہڈی جو شخص اپنے پاس رکھے ہر دل عزیز ہو

دوم: اس کے دانت کو گھس کر آنکھ میں لگانا سفید چشم کو نافع ہے۔

سوم: جو شخص اس کا خون نوش کرے فوراً گونگا ہو جائے اور لوگوں کی نظروں میں حقیر ہو

چہارم: اگر اس کے چمڑا کی غربال بنا کر اس میں تخم چھان کر بوئیں تو وہ ٹڈی اور موش وغیرہ آفات سے محفوظ رہے گا۔

پنجم: اس کی آنکھ کا تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھنا قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔

ششم: اس کی کھوپڑی کو بروز اماوش لے کر اس پر دو شخصوں کے نام لکھ کر قبرستان میں دفن کرنے سے دونوں کے درمیان دشمنی ہو جائے اگر گذرگاہ دشمن میں دفن کریں تو دشمن آوارہ ہو جائے۔

……☆……

گنجینہ طلسمات نمبر:77

www.freeamliyaatbookspdf.com



یہ جانور قبروں سے مردے کھا لیتا ہے

اول: جو شخص اس کی زبان کا تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے وہ ہمیشہ دشمنوں پر غالب رہے

اور دشمن اس سے خوف کھائیں۔

دوم: اس کے دانت پاس رکھنے سے حافظہ قوی ہوتا ہے۔

سوم: جو شخص اس کی چربی ابرو پر لگائے پھر اس پر جس کی نظر پڑے وہ اس سے بہت محبت سے پیش آئے۔

چہارم: اس کا عضو مخصوصہ خشک کر کے بقدر دو رتی استعمال کرنا مرض سستی کو دور کرتا ہے اور بدکار عورت کا بلا اطلاع کھلائیں تو وہ بدکاری سے باز آ جائے۔

پنجم: اس کا پوست اپنے پاس رکھنا عزیز خلائق کرتا ہے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:78

مرغ

اول: اس کا زہرہ رگڑ کر آنکھ میں لگانے سے یہ مرض رتوندہ دور ہوتی ہے۔

دوم: اگر سوار اس کو اپنی کمر میں باندھے تو ہرگز ماندہ نہ ہو۔

سوم: اس کے شکم میں پتھری گندم نما یا سفید رنگ کی ہوتی ہے اگر اس کو لے کر کوئی شخص اپنے پاس رکھے تو قوت باہ اور طاقت مردی زیادہ ہوتی ہے۔

چہارم: جب دو مرغ باہم لڑتے ہوں۔ اس وقت جو خون نکلے اس خون کو کسی چیز میں ملا کر دو محبوں کو کھلا دیں تو دونوں میں عداوت اور دشمنی پیدا ہو جائے اگر اس خون کو شہد میں ملا کر مالش کریں تو قوت زیادہ ہو۔

پنجم: اگر بروز منگلوار اماوس کے دن یا قمر در عقرب میں سیاہ مرغ کی بیٹھ کسی کے دروازہ پر چپکا دیں تو اس گھر کے رہنے والوں میں مخالفت اور دشمنی ہو جائے۔ حکمائے یونان کا قول ہے کہ جس گھر میں سفید مرغ ہو وہاں شیطان نہیں آتا۔

ششم: ایک مرغ کڑکناتھ ہوتا ہے جس کا گوشت پوست بالکل سیاہ ہوتا ہے اگر اس کی چربی آنکھوں میں لگائیں تو دفینہ نظر آئے۔

از شاہد وحید مانچسٹر

ہفتم: اس کے سر کو چکنا کر دو تو ہرگز آواز نہ دے۔

ہشتم: مرغی کی چربی میں مردار سنگ زرد ملا کر عضو پر لیپ کر کے جس سے قربت کریں تو پھر کوئی دوسرا شخص اس پر قادر نہ ہو سکے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:79

طاؤس یعنی مور



اول: اس کا گوشت معہ چربی کھانے سے ذات الجنب کو فائدہ دیتا ہے۔

دوم: اس کی ہڈی اگر بچہ کے گلے میں بطور تعویذ باندھیں تو نظر بد اور جملہ آفات سے محفوظ رہے۔

سوم: اس کے بائیں طرف کی ہڈی ورد زہ میں عورت کی ران پر باندھیں تو آرام ہو۔

چہارم: اس کے سر کا تاج جو شخص اپنے پاس رکھے۔ ہر دلعزیز ہو۔

پنجم: اس کی چونچ سے چہرہ کا تعویذ لکھ کر جو شخص اپنے پاس رکھے درد مال سے

مالا مال ہو اور جس گھر میں موجود ہو وہاں گزندہ اور حشرات الارض جانور نہ رہیں۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:80

کبوتر

اول: اگر رتوندے والے کی آنکھوں میں اس کا پتہ لگا دیں تو اس کا رتوندا دور ہو۔

دوم: اس کا انڈا کسی زخم پر رکھیں تو زخم اچھا ہو۔

سوم: اس کی سرگین وضع حمل میں حمول کرنا ولادت میں آسانی کرتا ہے۔

چہارم: اس کی سرگین زخم آتشک پر لگائیں تو آرام ہو۔

پنجم: اگر منجال کبوتر صحرائی کو تیل میں جذب کر کے مالش کریں تو قوت مردانگی زیادہ ہو

ششم: اس کی داہنی آنکھ کو تعویذ بنا کر یا زیر نگینہ نصب کر کے انگوٹھی ہاتھ میں رکھیں تو عزیز خلائق اور لوگوں سے محبت ہو۔

ہفتم: اس کے پتہ میں فلفل، سہاگہ، کافور، شہد ملا کر لیپ کرنا طرف ثانی کو مغلوب اور مطیع کرتا ہے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:81

ہد ہد

اول: اسکا تاج جس کے سر درد ہو اس کے باندھیں تو فوراً آرام ہو۔

دوم: اسکا سر خشک کر کے روغن میں ملا کر اس روغن کو چہرہ پر ملیں تو ہر دلعزیز ہو اگر کسی خوابیدہ کے سرہانے رکھ دیں تو اس پر نیند بہت غالب ہو۔ اگر انسان اپنے پاس رکھے تو بھولی ہوئی بات کو یاد دلاتا ہے۔

www.freeamliyaat.com
FREE AMLIYAAT



سوم: اگر اس کی زبان کا تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھیں تو دشمن مغلوب اور حاسدوں پر فتح کامیابی ہوتی ہے۔

چہارم: اسکے ناخن اپنے ناخنوں کے ہمراہ ملا کر بروز شکروار قمر در ائد النور میں کسی عورت یا آدمی کو کھلائیں تو وہ محبت میں دیوانہ ہو۔

پنجم: اس کا دل تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھنے سے قوت زیادہ ہوتی ہے اگر بریاں کر کے ایک روٹی کے ساتھ دو آدمی مل کر کھائیں تو دونوں میں الفت و محبت زیادہ ہو۔

ششم: داہنا بازو اس کے سرہانے رکھے تو نیند کا بہت غلبہ ہو۔ بایاں طرف کا رکھیں تو نیند نہ آئے۔

ہفتم: اگر اس کے پروں کو جہاں کبوتر رہتے ہوں جلائیں تو تمام کبوتر وہاں سے بھاگ جائیں۔

ہشتم: اس کی ہڈی کا گھر میں دخان کریں تو زہریلے جانور مچھر وغیرہ تمام دور ہو جائیں

☆

خوش جیوے سرفراز شاہ دوچ مانچسٹر

گنجینہ طلسمات نمبر:82

کنجشک یعنی چڑیا

اول: اس کا گوشت کھانا مسہل ہے اور ریح کو دفع کرتا ہے۔

دوم: اس کے انڈوں کا استعمال وقت شہوانی کو بڑھاتا ہے۔

سوم: اس کے انڈوں کو تین روز تک زمین میں دفن کر کے پھر نکال کر زخم ناسور پر لگائیں تو آرام ہو۔

چہارم: اس کے خون اور پتے کو آرد مسور میں ملا کر حب بنائیں اور بوقت ضرورت عضو پر طلا کریں اور زمین پر پاؤں نہ رکھیں تو عجیب لطف اور سرور بخشتا ہے۔

پنجم: اس کی بیٹھ آنکھ میں لگانے سے شب کوری دور ہوتی ہے اگر اس کی بیٹھ کو شہد میں رگڑ کر پھوڑے پھنسی پر لگائیں جلد مواد پختہ ہو یا تحلیل ہو جائے۔

ششم: گنجشک نر کو پکڑ کر اس کے بال و پر دور کریں اور اس کو زندہ ڈورے میں باندھ کر تنور میں چھوڑ دیں بعد ازاں اس کو ذبح کر کے گھی میں بھونیں اور شیشی میں بھر کر رکھ چھوڑیں اس کی مالش سستی کو دور کرتی ہے۔

www.facebook.com/groups/freeamliyaat FREE AMLIYAAT BOOKS

گنجینہ طلسمات نمبر:83

زاغ یعنی کوا

اول: اگر اس کا دل تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھیں تو پیاس نہ لگے۔

دوم: اس کے پر جلا کر جس جگہ بال پیدا نہ ہوں اس جگہ لگائیں تو بال پیدا ہو جائیں۔

سوم: اگر دو محبوں کے درمیان کوے اور الو کی آنکھ کا دھواں کریں تو دونوں میں نفاق پیدا ہو۔

جس شخص جیسے سرفراز

چہارم: اس کی چربی چہرہ پر مل کر جس شخص کے سامنے جائیں محبت سے پیش آئے۔

پنجم: اگر اسکی سرگین سرخ کپڑے پر باندھ کر کھانسی والے کو کلائی میں باندھیں تو کھانسی سے آرام پائے۔

ششم: اگر کچھ پتھر میں کوے کے دائیں پاؤں کا ناخن لیکر جیب میں رکھیں تو روپیہ پیسہ سے کبھی جیب خالی نہ رہے۔

ہفتم: سیاہ زاغ کی زبان کو تیل میں جلا کر اس کے کاجل کو اس شخص کی آنکھوں میں لگا دیں جو الٹا پیدا ہوا ہو تو اس کو اگر کسی جگہ کچھ گڑا ہوا ہو تو معلوم ہو جائے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر 84

www.freeamliyatbookspdf.com
FREE AMLIYAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

چیل

اول: اس کا پنجہ اگر سانپ کی راہ گذر پر ڈال دیں تو جو سانپ اس کے اوپر سے گذرے گا فوراً ہلاک ہو جائے گا۔

دوم: جس جگہ سانپ بہت ہوں اس جانور کو وہاں گاڑ دیں تو سب سانپ بھاگ جائیں گے۔

سوم: اگر بچھو کاٹ جائے تو اس کے پنجہ کو بطور سرمہ اس طرف کی آنکھ میں لگا دیں تو بچھو کا زہر اتر جائے۔

چہارم: اسکی ہڈی جلا کر اس کی راکھ زخم میں بھرنے سے زخم جلد پر اچھا ہوتا ہے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر :85

چمگادڑ

اول: اس کی کھوپڑی سرہانے رکھیں تو نیند ہرگز نہ آئے۔

دوم: اگر اس کے دماغ کا تعویذ بنا کر انسان اپنے پاس رکھے تو خواہش نفسانی بڑھ

جائے اور قوت زیادہ ہوتی ہے۔

سوم: اس کا خون آنکھ میں لگانے سے مرض شب کوری دور ہوتی ہے اگر بغل کے بال اتار کر اس کا خون اس جگہ لگا دیں تو پھر عمر بھر بال پیدا نہ ہوں۔

چہارم: اس کی سرگین چونہ و ہڑتال میں ملا کر جس جگہ بال ہوں وہاں لگا دیں تو فوراً اتر جائیں۔

پنجم: اس کے سرگین کو تلوں کے تیل میں بریاں کر کے مالش کریں تو مرض سستی دور ہو اور اس کے سرگین کا سرمہ آنکھوں میں لگانا سفیدی چشم کو مفید ہے۔

……☆……

www.freeamliyatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS

گنجینہ طلسمات نمبر: 86

الو

اول: اس کی دونوں آنکھیں پانی میں ڈالیں جو سیدھی رہے گی وہ خواب والی اور جو الٹی ہو وہ بیداری والی ہوگی۔ اگر سیدھی آنکھ کو کسی خفتہ کے سرہانے رکھ دیں تو اس قدر نیند غالب ہو کہ اس کا اٹھنے کو دل نہ چاہے اور معکوس آنکھ کو اگر نگینہ کے زیریں نصب کر کے انگوٹھی ہاتھ میں پہنائی جائے تو اس کے پہننے والے کو نیند نہ آئے۔

دوم: اس کی آنکھ مشک میں حل کر کے جس کو سونگھا دے وہ دوست ہو جائے۔

سوم: اس کا گوشت خشک کر کے جس جماعت یا شخص کو کھلا دیں وہ متفکر و حیران و پریشان ہو۔

خوشبو

از شادوچ مانچسٹر

چہارم: اس کی ہڈی جلا کر اس کی راکھ جس کے سر پر ڈالیں وہ آوارہ ہو جائے۔

پنجم: اس کے پر جلا کر جس کو اس کی خاک کھلا دیں وہ ہر وقت غمگین رہے۔

ششم: اس کی آنکھ چاندی میں منڈھا کر اس تعویذ کو منہ میں رکھے تو غیب کے حالات جلد معلوم ہوں۔

ہفتم: الو کا پر اور گوگل سیاہ کپڑے میں لپیٹ کر گھی میں چرب کر کے فتیلہ بنا کر جلائیں اور اس کی سیاہی کا کاجل بنا کر آنکھوں میں لگائیں تو تپ چوتھیا اس کی تاثیر سے جاتا رہے

……☆……

گنجینہ طلسمات نمبر:87

باز

اول: اس کے پتہ کو سرمہ میں ملا کا ابتدائے مرض موتیا بند میں لگانے سے موتیا بند کو زائل کرتا ہے۔

دوم: اس کے پتے کے عرق کو لقوہ والے کی ناک میں ایک بوند ٹپکا دیں اس کو آرام ہو۔

سوم: جس درخت پر اس کے ناخن باندھیں وہاں چڑیا ہرگز نہ آئیں۔

چہارم: اگر کوئی عضو جل گیا ہو تو اس کی ہڈی کی راکھ اوپر لگا دیں تو جلد زخم بھر جائے آرام ہو۔

پنجم: اگر قمر در عقرب میں اس کی چونچ لے کر اس کے چمڑہ پر اس سے دشمن کا نام لکھ کر جائے ویرانہ میں دفن کر دیں تو دشمن آوارہ و سرگرداں ہو جائے۔

……☆……

گنجینہ طلسمات نمبر:88

خوش جیسوے

ابابیل

اول: اس کے آشیانہ کی گھاس کو پانی میں دھو کر بوقت وضع حمل درد زہ کی عورت کو پلائیں تو

ولادت میں آسانی ہو۔



دوم: اس کی آنکھیں ایک پارچہ میں باندھ کر جس شخص کے سرہانے رکھ دیں اس کو ہرگز نیند نہ آئے۔

سوم: اس کا گوشت کھانے سے آنکھ کی روشنی زیادہ ہوتی ہے۔

چہارم: اگر عورت اس کا گوشت کھائے تو خواہش دنیاوی اس کی زائل ہو جائے۔

پنجم: اس کی سرگین کو بطور مرہم دنبل پر لگائیں تو مواد پختہ ہو کر پھٹ جائے۔

ششم: اگر اس کی داہنی آنکھ کو زیر نگینہ نصب کر کے انگشتری کو ہاتھ میں پہنیں تو زر و مال زیادہ ہو ہر طرح سے ترقی دولت ہو۔

……☆……

گنجینہ طلسمات نمبر:89

بطخ

اول: اگر اسکا پتہ روغن بنفشہ میں ملا کر ناک میں ٹپکا دیں تو درد شقیقہ کو آرام ہو۔

دوم: اسکی چربی پھٹی ہوئی بوائی پر لگانے سے آرام ہوتا ہے۔

سوم: اگر اس کی چربی کو چہرہ پر ملیں تو خوبصورتی میں اضافہ ہو۔

چہارم: جس کو چوتھیا کا تپ آتا ہو اس کے داہنے بازو میں اسکا بایاں بازو باندھیں تو آرام ہو۔

پنجم: اس کے استخوان جلا کر تیل میں ملا دیں اور جائے درد پر مالش کریں تو آرام ہو۔

ششم: اس کے انڈے کی سفیدی خشک کر کے پانی کے ہمراہ قدرے کھائیں تو خشک کھانسی جاتی رہے۔

*

گنجینہ طلسمات نمبر:90

مینڈک

اول: اگر اس کو شراب میں ڈالیں فوراً مر جائے پھر جب اس کو پانی میں رکھیں فوراً زندہ ہو جائے گا۔

دوم: اس کا شکم چاک کر کے سانپ کے کاٹے ہوئے زخم پر باندھیں زہر دور ہو جائے فوراً آرام ہو۔

سوم: اگر ابلتی ہوئی دیگ پر اس کو رکھ دیں تو اس کا تمام جوش جاتا رہے۔

چہارم: اگر اس کی زبان آٹا میں ملا کر روٹی پکائیں اور جس شخص پر چوری کا گمان ہو اس کو کھلا دیں تو وہ تمام راز بتا دے گا۔

پنجم: اگر حالت خواب میں اس کی زبان عورت کی چھاتی پر رکھیں تو اپنا راز دل فوراً اظہار کرے گی۔

ششم: اس کی زبان کو ٹھیکر کے چھلکوں میں جلا کر اس کی راکھ جہاں لگا دیں وہاں بال پیدا ہوں۔

ہفتم: اس کا خون اگر بدن پر ملیں تو سردی ہرگز نہ لگے۔

ہشتم: نوچندی اتوار کو زرد رنگ کا مینڈک لے کر اس کی پیشانی پر ہی کا تلک لگا کر گلے

کی دھونی دے کر اس کو ہنڈیا میں بند کر دو۔ جب وہ سوکھ جائے تو اس کو نکال کر پیس لو اور موسم برسات میں ایک چٹکی بھر بارش میں ڈال دو تو سینکڑوں مینڈک پیدا ہو جائیں۔ یہ نہایت عجیب و غریب شعبدہ ہے۔

ہم: مینڈک کی چربی ہاتھ میں مل کر آگ کو تلہ پکڑیں تو ہاتھ نہ جلے اگر اس کی چربی میں انجیر کی لکڑی تر کر کے چولہے میں ڈال دیں تو اس میں کوئی چیز نہ پکے۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:91

عقرب یعنی بچھو

یہ زہریلا جانور ہے اس کی خاصیت کے بارے میں یوں مذکور ہے کہ

اول: اگر کسی جگہ بچھو کاٹے تو دوسرے بچھو کا یا اسی کا پیٹ چاک کر کے جائے گزندہ پر باندھ دیں تو تمام زہر اتر جائے۔ درد سے فوراً آرام ہو۔

دوم: بچھو کو مٹی کے برتن میں بند کر کے دیگدان میں رکھ کر خاکستر کر دیں پھر وہ خاک

برابر نیم "انگ مریض سنگ مثانہ" کو کھلادیں تو چند روز کے استعمال سے آرام ہو۔

سوم: اگر کسی شخص کو بخار مدت سے آتا ہو تو بچھو کے کاٹنے سے آرام پائے۔

چہارم: بچھو کو جس مکان میں جلادیں اس کے دھوئیں سے وہاں ہرگز کوئی بچھو نہ رہے۔

پنجم: بچھو کو جلا کر اس کی خاکستر جس جگہ پر بال ہوں لگادیں پھر اس جگہ ہرگز بال پیدا نہ ہوں۔

ششم: جہاں بچھو ڈنک مارے وہاں فوراً ایک مکھی مار کر مل دو زہر دور ہو جائے گا۔

……☆……

گنجینہ طلسمات نمبر:92

ٹڈی



www.freeamliyatbookspdf.com
AMLIYAAT BOOKS
facebook.com/groups/freeamliyatbooks

یہ بڑا نامراد جانور ہے فصل کے پودوں کو جڑ سے کاٹ دیتا ہے اس کی خاصیت کتب میں یوں مذکور ہے۔

اول: اگر دراز پاؤں کی ٹڈی کو بخار چوتھیا والے کی گردن میں باندھیں تو اس کو آرام ہوتا ہے۔

دوم: بواسیر والے کو ٹڈی کی دھونی دیں تو فائدہ ہوتا ہے۔

سوم: ٹڈی کی ٹانگ کا ضماد بواسیر کے مسوں کو چند بار کے کرنے سے دور کرتا ہے۔

چہارم: اگر کسی شخص کا پیشاب بند ہو گیا ہو تو اس کو ٹڈی کی دھونی دینے سے اس کا پیشاب

اتر آتا ہے۔

پنجم: ٹڈی کو جلا کر خاکستر کر کے اس کی راکھ اگر زخم ناسور پر لگائیں زخم جلد اچھا ہو۔

☆

گنجینہ طلسمات نمبر:93

خراطین یعنی کیچوا

یہ سرخ رنگ اور پانی کے کنارے مٹی کے نیچے اپنے آپ کو چھپائے رکھتا ہے اور خود بخود طویل ہوتا جاتا ہے۔ موسم برسات میں کثرت سے نکلتا ہے۔

اول: اس کو کانٹے پر لگا کر جہاں مچھلیاں ہوں وہاں پھینک دیں تو مچھلی اس کو کھانے کو آتی ہے جس کو مچھلی پکڑنے والے فوراً پکڑ لیتے ہیں۔

دوم: اس کو بریاں کر کے یرقان کے مریض کو کھلا دیں تو آرام آئے۔

سوم: اس کو خشک کر کے پانی میں بھگو کر وہ پانی حاملہ کو وضع حمل کے وقت پلائیں تو ولادت آسانی سے ہو۔

چہارم: اس کو خاکستر کر کے روغن گل میں ملا کر جس جگہ بال نہ پیدا ہوتے ہوں وہاں لگا دیں تو بال پیدا ہوں۔

پنجم: اگر خراطین کو بے معلوم کسی عورت کی چوٹی میں رات کو باندھ دیں تو اس کو احتلام ہو جائے۔

ششم: خراطین کو صاف کر کے جنگلی کبوتر کی بیٹھ اور نرگس کی گانٹھ اور عقرقرحا ملا کر میٹھے جوش دیں تو اس تیل کی مالش سستی والے مریض کو از حد فائدہ دیتی ہے اور قوت بڑھاتی ہے۔ خراطین کو روغن زعفران اور عقرقرحا میں حل کر کے مالش کرنی قوت کو بڑھاتی ہے۔

ہفتم: خراطین کو شہد میں ملا کر درد گلو پر لگانا آرام بخشتا ہے۔

☆

[illegible] مشاہدہ [illegible]

FREE AMILIYAAT BOOKS

مردوں کیلئے الفت و محبت پیدا کرنے والے بے نظیر تنتر



گنجینہ طلسم نمبر: 94

اگر کسی کو شوق ہو کہ لوگ مجھ سے زیادہ الفت و محبت کریں اور مہربانی سے پیش آئیں تو اس کو چاہیے کہ گدھ ایک جانور ہے جو مردار کھاتا ہے اس کی دونوں آنکھیں لے کر ان کو روغن شریف میں خوب حل کر کے اور بعد ازاں اس روغن کو جس روز کہ پنجشنبہ ہو ایک چراغ گلی نو میں ڈال کر روئی کی بتی بنا کر اس کی سیاہی اتارے اور پھر اس میں مکھن ملا کر کاجل بنا دے پس جو شخص اس کاجل کو آنکھوں میں لگا کر نزد محبوب جائے یا کسی مرد و زن سے بالمقابل ہو کر بات کرے تو وہ اس کی طرف دیکھتے ہی محبت ہو جائے گا اور بڑے محبت و اخلاص سے پیش آئے گا اور یہ کہ کمال مہربان ہوگا۔

از شاہ وچ مانچسٹر

گنجینہ طلسم نمبر:95

بھنگرہ اور گوکھرا کی جڑ اور گوروچن ان تینوں کو ملا کر گولی بنائیں پس جب کسی مجلس یا کسی زبردست کے سامنے جانا ہو تو اس گولی کو گھس کر اس کا تلک پیشانی پر لگائیں تو بڑی محبت اور مہربانی سے پیش آئیں گے یہ نسخہ عجیب الخاصیت ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:96

پکھ نچھتر میں مدار یعنی آک کی جڑ بروز اتوار کو لائیں اور اس کو بھیڑ کے خون تازہ میں خوب حل کریں اور پھر اس میں سرمہ کا کاجل ملا دیں اور پھر جو شخص اس کاجل کو آنکھوں میں لگا دے تمام زن و مرد اس کے دیکھنے والے اس پر فریفتہ ہوں اور کمال الفت و محبت سے پیش آئیں اگر نزد محبوب حصول مطلب کے لئے جائیں تو مدعا دلی بر آئے۔

گنجینہ طلسم نمبر:97

بروز اتوار جبکہ پکھ نچھتر ہو اس وقت دھتورہ کی پانچوں چیزیں یعنی جڑ، ڈنڈی، پھل، پھول، برگ لے کر زیرہ سفید اور گوگل ملا کر ان سب کو بھینس کے خون میں خوب حل کریں اور گولیاں بنائیں پس اس گولی کی دھونی جس مرد یا عورت کو دیں اس میں مادۂ الفت و محبت کا زیادہ ہو اور اس کے عامل سے اس کو کمال درجہ کی الفت پیدا ہو جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:98

ہڑتال منفسل اور بھنورے کے دونوں پر اور دھتورہ کے پھول سب برابر وزن لے کر خوب کوٹ کر گولیاں بنا کر رکھ چھوڑیں اور بعد ازاں اس گولی کو گھس کر جو شخص اس کا تلک اپنی پیشانی پر لگائے دیکھنے والے محبت ہوں ہر دلعزیزی کا عجیب نسخہ ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:99

پکھ یا شرون نچھتر میں دھتورہ کی ہی کلی اور مور کی بیٹھ ان کو برابر وزن لے کر خوب باریک گولیاں بنائیں اور پھر ان میں سے ایک گولی کا دھواں جس شخص کو دیں وہ کمال محبت اور مہربانی سے پیش آئے۔

گنجینہ طلسم نمبر:100

کیسر، بچھ، ہڑتال برابر وزن لے کر اس میں بروز شکر وار یا بکھ نچھتر اپنی چھوٹی انگلی کا خون ملا کر اس کا تلک اپنی پیشانی پر لگا دیں تو اس کی تاثیر سے جو لوگ اس کی طرف دیکھیں گے عزت اور الفت سے پیش آئیں گے۔

گنجینہ طلسم نمبر:101

بھنورے کے دونوں پر اور طوطے کا ماس اور کان کی میل لے کر ان میں بکھ نچھتر میں اپنی انا مکا انگلی کا خون ملا کر گولی بقدر بسور بنا کر بروز شکر وار ایک گولی جس عورت کو کھلا دیں وہ محبت میں دیوانی ہو اور اس شخص کی اس کی کمال توجہ ہو بلکہ اسکی علیحدگی ایک لمحہ کیلئے بھی اس کو ناگوار معلوم ہو اگر اس گولی کو رگڑ کر عورت کے جسم سے تھوڑی سی لگا دیں تو کمال محبت و مہربانی سے پیش آئے۔

گنجینہ طلسم نمبر:102

تالیس۔ کٹھ۔ بچھ تینوں کو برابر وزن لے کر خوب حل کریں اور بعد ازاں اس کے سفوف کو روئی میں لپیٹ کر کپڑے کی بتی بنا کر ایک چراغ نو میں روغن سرسوں ڈال کر بروز شکر وار بکھ نچھتر میں انسان کی کھوپڑی کے اوپر رکھ کر چراغ جلائیں اور اس کی سیاہی اتاریں اگر کھوپڑی میسر نہ ہو دوسرے طریقہ سے سیاہی اتارے اور بعد ازاں اس میں روغن گاؤ ملا کر اس کا کاجل بنا لیں پس اس کے کاجل کو جو شخص آنکھوں میں لگائے گا ہر دلعزیز ہوگا جبکہ نزد محبوب و مطلوب کے اس کاجل کو لگا کر جاتا عادلی بر لاتا ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:103

بکھ نچھتر میں سیاہ دھتورے کے پھول اور بھرنی نچھتر میں پھل اور بشاکھا نچھتر میں شاخ اور پوست، نچھتر میں برگ اور مولا نچھتر میں جڑ لا کر اس میں کپور، کیسر، گوروچن ملا کر سب کو خوب باریک کرے اور پھر اس کی گولیاں بنا کر رکھ چھوڑے اور بوقت ضرورت اس کو گھس کر پیشانی پر اس کا تلک (قشقہ) لگائے تو اس کی بے نظیر تاثیر عورتوں کو موہت اور وشی

بھوت کردیتی ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:104

سیاہ دھتورے کے دونوں پر معہ اس کے بالوں کے اور پھوکر مول اور تگر اور سفید کاک جنگھاں ان سب کو باہم خوب باریک کریں پھر اس سفوف سے تھوڑا سے کسی زہرہ جبیں کے بدن پر بے خبر ڈال دیں تو بڑی الفت و محبت سے پیش آئے۔

گنجینہ طلسم نمبر:105

بھنگرہ سیاہ و سفید اور لاجونتی (چھوئی موئی) اور سہدیوی ان سب کو برابر وزن لے کر خوب باریک چھان کر سفوف بنائیں اور جب کسی مجلس میں جانے کا اتفاق ہو تو اس کا تلک پیشانی پر لگا کر جائیں تو اہل مجلس بڑی عزت و تواضع کریں گے۔

گنجینہ طلسم نمبر:106

اتوار کو جب پکھ نچھتر ہو تو ایک تازہ انڈا مرغ کا لے کر اس میں سوراخ کر کے اس کی سفیدی دور کریں اور پھر اس میں اپنا آب سفید بھر دیں اور پھر اس کا منہ بند کر کے سرگین اسپ میں ۲۱ روز تک دفن کریں اور بعد ازاں نکال کر چھلکا اس کا دور کریں اور بقیہ کو خشک کر کے رکھ چھوڑیں اور بوقت ضرورت اس سفوف میں سے قدرے جس عورت کو کھلائیں وہ مطیع و فرمانبردار ہو جائے اور اپنے زر و مال اور تن و جان سے اس پر نثار ہو اور اس کی جدائی اس کو ناگوار گزرے عجیب بے نظیر نسخہ ہے جس کو دوستوں نے تجربہ کیا ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:107

ہدہد کے ناخن اور اپنے دست و پا کے ناخن بروز شکروار اتار کر ایک سفال آب نارسیدہ میں خاکستر کریں اور اس میں اپنا آب سفید ملا کر قدرے جس عورت کو کھلائیں وہ موہت ہو اور بکمال محبت و الفت کرے۔

گنجینہ طلسم نمبر:108

جس روز مرگشر نچھتر سوموار کے دن ہو اس روز سپاری لے کر اس کو خوب باریک

کرے اور پھر اس میں اپنا آب سفید ملا کر اس کو پان میں قدرے ڈال کر جس عورت کو کھلا دے وہ وشی بھوت یعنی موہت ہو جائے۔

کنجینہ طلسم نمبر:109

پکھ نچھتر میں تل یا مجیٹھ کا سفوف بنا کر جس کے بدن پر ڈالے وہ محبت سے پیش آئے۔

کنجینہ طلسم نمبر:110

کیسر، چندن، گوروچن کا تلک پیشانی پر لگانا لوگوں میں محبت پیدا کرتا ہے۔

کنجینہ طلسم نمبر:111

لوچندی اتوار کو مرگھٹ کی خاک اور اس میں اپنا لعاب دہن اور آب سفید ملا کر اس میں اپنے دست و پا کے ناخن خاکستر کر کے ملائے اور اس میں سے قدرے استری کو کھلائے وہ موہت یعنی وشی بھوت ہو۔

کنجینہ طلسم نمبر:112

کاک جنگھاں، بچ، کوٹ ان سب کو خوب باریک پیس کر کپڑے میں چھان لیں پھر اس میں اپنا آب سفید اور خون ملا کر مسور کے دانہ کے برابر گولیاں بنائیں اور جب کسی استری کو اپنے اوپر موہت کرنا ہو تو سب ایک گولی پر منتر مندرجہ ذیل ۲۱ مرتبہ پڑھیں:

اونگ نمو بھگوتی رود رائے

چامنڈی اوسکی مم ویشمان سواھا

پڑھ کر اس کو پان یا کسی اور چیز میں کھلا دے تو محبت میں فریفتہ ہو بلکہ ہمیشہ مطیع و فرمانبردار رہے۔

کنجینہ طلسم نمبر:113

پکھ نچھتر میں شکر جتا (یا مچھر) کی جڑ لے کر تھوڑی دیر اپنے منہ میں رکھ کر پھر پان میں رکھ کر جس کو کھلائے وہ محبت و الفت کرے۔

گنجینہ طلسم نمبر:114

پکھ نچھتر میں مجیٹھ کی جڑ لے کر اس کو خوب باریک پیس کر سفوف بنائیں اور پھر اس سفوف کو جس شخص کے جسم پر تھوڑا سا ڈال دے وہ محبت و مہربانی سے پیش آئے۔

گنجینہ طلسم نمبر:115

گوروچن اور مچھلی کا پتہ دونوں کو خوب ملا کر گولی بنائے اور پھر جو عورت اس گولی کو گھس کر اپنی پیشانی پر تلک لگائے دیکھنے والے اس سے محبت کریں۔

گنجینہ طلسم نمبر:116

گوروچن اور سہدیوی کی جڑ لے کر اور جوانساہ کی جڑ دونوں کو باریک کر کے پیس کر گولی بنائیں پھر جو شخص اس گولی کو گھس کر اپنی پیشانی پر تلک لگائے تو دیکھنے والے نہایت عزت اور محبت سے پیش آئیں۔

AMLIYAAT

گنجینہ طلسم نمبر:117

پکھ نچھتر میں سفید آک کی جڑ اور جوانساہ کی جڑ لے کر دونوں کو کھرل کر کے گولی بنائے اور اس کا تلک پیشانی پر لگائے تو دیکھنے والے نہایت عزت اور محبت سے پیش آئیں۔

گنجینہ طلسم نمبر:118

شرون نچھتر میں یوکھ مول کی جڑ لے کر اس میں تگر ملا دے اور گولی بنائے پھر اس گولی کو گھس کر اپنی پیشانی پر تلک لگا کر نزد محبوب کے جائے تو محبت درجہ کمال ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:119

مجیٹھ، موتھا، بچ، سفید آک کی جڑ اور اس میں اپنے جسم کا خون ملا کر اس کا تلک پیشانی پر لگانے سے لوگوں میں محبت و ہر دلعزیزی پیدا ہوتی ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:120

مور کے دائیں اور بائیں انگ کے دونوں پر اور پھولکر بجول و تگر و سفید آک

جنگھاں ان سب کو خوب پیس کر سفوف بنائے اس میں جس کے سر پر تھوڑا سا ڈالے وہ محبت میں دیوانہ اور مطیع و فرمانبردار ہو جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:121

شکل یعنی چاند نے حسنہ میں جس روز منگل وار کو بھرنی نچھتر اور تتھ دوج ہو اس روز الائچی خورد اور سپاری دکنی و مالکنی اور لونگ کے لران کو خوب باریک کرے اور پھر اس میں لاجونتی کا عرق ڈال کر اس کو کھرل کر کے اس میں اپنا سفید آب ڈالے اور مونگ کے برابر گولی بنا کر اس گولی میں سے جس محبوب کو ایک گولی پان میں رکھ کر کھلا دیں وہ تمام عمر مطیع و فرمانبردار رہے اور طالب کی محبت میں فریفتہ ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:122

منگل وار کو بشاکھا نچھتر میں منتر پڑھ کر:

اونگ پاتے اجنائے سواھا

دار ہلدی کی جڑ اکھاڑے اور پھر اس کو خوب باریک پیس کر سفوف بنا لے اور اس سفوف میں سے قدرے جس استری کے سر پر ڈالے وہ موہت اور تابع دار اور فرمانبردار ہو جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:123

کرشن پکھ کی تر ودشی کے دن سفید چٹلا کی جڑ لا کر اس میں سے قدرے پان میں رکھ کر جس کو کھلائے وہ محبت میں فریفتہ ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:124

جب سوموار کو پکھ نچھتر ہو اس روز برہم ڈنڈی بوٹی کی شاخ لا کر اس کو گھس کر آنکھوں میں لگائے تو جو شخص اس کی طرف دیکھے وہ نہایت الفت اور محبت سے پیش آئے۔

گنجینہ طلسم نمبر:125

الو کی دونوں آنکھیں بنس، لوچن، اور گھیکوار ان تینوں کو ملا کر حل کرے اور جب

خشک ہو جائے تو اس کو روئی میں لپیٹ کر کپڑے کی بتی میں رکھ کر چراغ تو میں روغن گائے ڈال کر اس کو جلائے اور اس وقت اس چراغ کے متقابل بیٹھ کر یہ منتر پڑھے:

اونگ نمو مہاپکی اس اس کے ویشی مان سواھا

اور اسکے دھواں کی سیاہی اتار لے پھر اس کو مکھن میں ملا کر کاجل بنائے پس اس کاجل میں سے جو شخص ایک سلائی آنکھوں میں ڈال کر نزد محبوب کے جائے وہ درجہ کمال محبت میں فریفتہ اور دل و جان سے مطیع ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:126

کبوتر کی بیٹ شہد میں ملا کر استعمال کرنے سے طرف ثانی کو موہت کر لیتا ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:127

گورچن کو مور پارہ، کیسر، چندن، دھتورہ کے عرق میں کھرل کر کے ترکیب مذکورہ بالا استعمال کرنے سے طرف ثانی محبت میں سرشار اور مطیع اور فریفتہ ہوتا ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:128

سرسوں سفید کو پنچ کنڈا کے عرق میں کھرل کر کے جو شخص اس کا تلک پیشانی پر لگائے اس کو دیکھنے والے نہایت محبت اور پیار کریں۔

گنجینہ طلسم نمبر:129

برہم ڈنڈی، بچ، کوٹھ ان سب کو خوب کوٹ کر باریک کرے اور پھر اتوار کے دن اس میں سے جس کو قدرے پان میں کھلائے وہ اس کے تابع و فرمان ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:130

سوموار کے دن لال چرچٹا یعنی پٹھ کنڈا کو نیوتہ دے آئے اور کہہ دے کہ کل میں تم کو جس کارج کیلئے لے جاؤں گا وہ سدھ کرنا تھوڑے چاولوں کے دانہ اس جگہ ڈال آئے پس دوسرے روز جا کر اس کو جڑ سے اکھاڑ لائے اور اس کی جڑ کو بوقت حاجت کمر میں باندھے تو مدعا دلی پورا ہو۔

سرفراز شاہ [illegible] مانچسٹر

www.freeamliyatbooks FREE AMLIYAT www.facebook.com/groups

کنجینہ طلسم نمبر: 131

کپور، سہاگہ، پارہ برابر وزن لے کر سورج مکھی کے پھول کے عرق میں ان سب کو کھرل کرے اور پھر شہد میں ملا کر لیپ کرنے سے ایسا کنجوس و مسک ہو کہ دیکھنے والا عش عش کرے۔

کنجینہ طلسم نمبر: 132

اتوار کے دن پکھ نچھتر میں سفید سرپھوکا کی جڑ لا کر کنواری لڑکی کے ہاتھ کے کاتے ہوئے سوت کی سات تاریں لے کر اس میں اس کو باندھ کر بوقت حاجت کمر میں باندھے تو مسک ہو اس طرح پکھ نچھتر میں سفید کنیر کی جڑ لا کر کمر میں باندھنے سے مدعا دلی بر آتا ہے۔

کنجینہ طلسم نمبر: 133

لاجونتی کی جڑ اور بیٹھ کیا کو تانبے کے برتن میں گھس کر رات کو آنکھوں میں بطور سرمہ لگائے تو بھی مدعا حاصل ہو۔

کنجینہ طلسم نمبر: 134

سیندور، املی کا پھل، شہد ہر سہ برابر وزن لے کر خوب حل کر کے لیپ کرنے میں طرف ثانی جلد مغلوب ہو جاتا ہے۔

کنجینہ طلسم نمبر: 135

کنڈیاری کی جڑ کو باریک پیس کر ہاتھ پر لیپ کرے اور وہ ہاتھ کسی عورت کے جسم سے مس کر دے تو وہ فوراً اپنا آپ چھوڑ دے۔

کنجینہ طلسم نمبر: 136

سیاہ مرچ۔ تخم دھتورہ۔ پیپل۔ لودھ ان سب کو کوٹ کر شہد میں حل کر کے لیپ کرے تو مطلوب مغلوب اور اپنی طاقت کو فوراً زائل کر دے۔

گنجینہ طلسم نمبر:137

بالچھڑ، بہیڑہ، کٹھ، اسگند، ستاور، ان پانچوں کو تلوں کے تیل میں پکا کر سست اعضاء کارفتہ پر مالش کریں تو چند روز میں طاقت مردی پیدا ہو جائے گی۔

گنجینہ طلسم نمبر:138

یکم چیتر میں سفید آک کی جڑ اکھاڑ کر بازو پر باندھنے سے لوگوں میں عزت اور محبت بڑھتی ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:139

چاند گرہن میں اول چیتے کی جڑ لے کر اس کو شہد میں باریک پیس کر رکھ لیں اور پھر اس کا تلک پیشانی پر لگائیں تو دیکھنے والے موہت ہوتے ہیں۔

گنجینہ طلسم نمبر:140

سورج گرہن یا چاند گرہن میں پاک صاف ہو کر شمال کی طرف سے سرپھوکا یا لودھ کی جڑ لا کر اس کو بطور تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھیں تو قوت حافظہ بہت بڑھے اور عقل تیز ہو۔

FREE AMLIYAT BOOKS

گنجینہ طلسم نمبر:141

اتوار کو سرس کی جڑ لا کر اس کو پانی میں پیس کر اس کا تلک پیشانی پر لگانے سے دیکھنے والے اس سے ہیبت زدہ ہوں۔

گنجینہ طلسم نمبر:142

اگر بروز اتوار یا منگل وار گھوڑے اور خچر کی دم کا بال ایک ایک لے کر اسکو زرد کوڑی میں سوراخ کر کے دونوں بالوں کو آپس میں پرو کر دست راست کے بازو پر باندھیں تو طرف ثانی اس کی طاقت سے حیران و ششدر رہ جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:143

اتوار کو تلسی کے بیج میں سہدیوی کے رس میں پیس کر اس کا تلک پیشانی پر لگانے

سے دشمن بھی دوست بن جاتا ہے۔

گنجینہ طلسم نمبر:145

برہم ڈنڈی اور چتا یعنی مسان کی بھسم باہم ملا کر جس عورت کے جسم پر ڈال دیں وہ موہت ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:146

جب اتوار کو اماوس ٹھکھو ایک جانور ہوتا ہے اس کا گوشت لے کر تھوڑا سا زعفران اور ان کے ہم وزن صندل سرخ ملا کر گولی بنائے اور سایہ میں خشک کرے پھر اس میں سے ایک گولی لے کر اس کو دھوپ دے کر مرد یا عورت کو پان میں کھلا دے وہ قابو میں آ جائے۔

گنجینہ طلسم نمبر:147

اتوار کو ٹھکھو کی زبان اور ڈھائی برگ نیم کے دونوں کو باریک پیس کر سرمہ بنائے اور آنکھوں میں لگائے تو جو شخص اس کو دیکھے اس پر فریفتہ ہو جائے عورتیں وحشی بھوت یعنی محبت میں سرشار ہوں۔

گنجینہ طلسم نمبر:148

اتوار کو اماوس کے روز ٹھکھو کی آنکھ اور بلی کی آنکھ لے کر اس میں پارہ، کیسر، ہینگ، رسوت، سرسوں، ناگ کیسر ملا کر سب کو باہم پیس کر مرگھٹ مسان میں گاڑ آئے اور پھر دوسرے اتوار کو وہاں جا کر اکھاڑ لائے پھر جس عورت کے سر پر ایک چٹکی سفوف اس میں سے ڈال دے۔ وہ اس کے مطیع اور محبت میں بے قرار ہو۔

گنجینہ طلسم نمبر:149

اتوار کی اماوس کو ٹھکھو کا کلیجہ، مین پھل، اسگند، گورچن، کیسر، چمگادڑ کی بیٹھ اور بھینسے کے سینگ اور کٹھ ان سب کو خوب برابر وزن لے کر باریک پیس کر گئو موتر میں حل کرے اور گولیاں بنا کر رکھ چھوڑے پس جب اس میں سے گولی کو گئو موتر میں گھس کر پیشانی پر اس کا تلک لگائے تو دیکھنے والے موہت ہوں جس محفل میں جائے لوگ عزت زیادہ

کریں۔ محبت سے پیش آئیں۔

گنجینہ طلسم نمبر:150

بروز سنیچر وار سیاہ زاغ کی زبان اور مسان کی خاک اور اس میں اپنے ہاتھ پاؤں کے ناخنوں کی راکھ اور مطلوب کے بائیں پاؤں کے تلوے کی خاک اور چورستہ کی خاک ان سب کو پیس کر بہ حفاظت رکھے اور بوقت ضرورت مطلوب کے سر پر تھوڑی سی ڈال دے پس وہ عورت محبت میں بے قرار ہوگی۔

گنجینہ طلسم نمبر:151

چیل کی آنکھ اور اس میں زعفران اور کستوری ملا کر مسور کے برابر گولی بنائیں اور بوقت ضرورت جس عورت کو ایک گولی پان میں رکھ کر کھلا دیں وہ محبت میں بے قرار اور ایسی موہت ہو کہ پھر اس کے بغیر نہ رہ سکے۔

گنجینہ طلسم نمبر:152

سورج یا چاند گرہن میں ایک سپاری خورد لے کر اس پر یہ منتر ۱۰۱ مرتبہ پڑھ کر

اوم ہرینگ کرینگ پر استری مم وسیانگ چتر متھی سواھا

اور پھر اس کو ثابت اس وقت نگل جائے اور پھر جب تک گرہن صاف نہ ہو اس منتر کو پڑھتا رہے اور پھر دوسرے دن جب حاجت کو جائے تو وہ سپاری اس سے نکال لے اور اس کو دودھ سے دھو کر اپنے پاس رکھے پس جب کسی زہرہ جبیں کو اس میں سے ایک چاول بھر ہمراہ پان کے کھلائے وہ محبت میں ایسی فریفتہ ہو کہ پھر اس سے ایک گھڑی بھی جدا ہونا پسند نہ کرے۔

